# معاہدہ برائے سرمایہ کاری

آج بتاریخ راولپنڈی بمقام ساریکو پرائیویٹ لیمٹڈ آفس مابین فریقین

فریق اول: ساریکو پرائیویٹ لیمٹڈ____________ NTN نمبر________ آفس نمبر 01، فرسٹ فلور مکہ مال آڈیالہ روڈ بذریعہ ____________ ولد ____________

و

فریق دوم: ولد شناختی کارڈ نمبر سکنہ

تحصیل ضلع اور جس کا موبائل نمبر ____________ کے درمیان معاہدہ طے پایا جس کے قواعد وضوابط ذیل ہیں

**قواعد وضوابط:**

1۔ معاہدہ ہذا برائے سرمایہ کاری مدت ایک سال کیلئے دونوں فریقین کی خوشنودی اور رضامندی سے ہو رہا ہے جو کہ ہر 3 ماہ بعد فائدہ تقسیم کیا جائیگا

2۔ تمام لین دین آن لائن بنکنگ کے ذریعے کیا جائے گا تا کہ تمام ثبوت دونوں فریقین کے پاس ریکارڈ کے طور پر موجود رہے اور کیش کسی صورت نہیں لیا جائے گا اور نہ ہی کسی فریق کو دیا جائے گا

3۔ معاہدہ رقم مبلغ روپے ( ) کا منافع فکس نہیں ہوگا لیکن اسٹاک ایکسچینج شیئر سے وصول ہونے والے فائدہ جو کہ ماہوار تقریبا 4% سے 6% تک ہو سکتا ہے جسکے مجموعی فائدہ کا 50% فریق اول اور 50% فریق دوم کے حصے میں آئیگا اس کاروبار میں نقصان کے چانس بہت کم ہیں لیکن خدانخواستہ کسی بھی وقت نقصان ہونے کی صورت میں بھی یہی فارمولا استعمال کیا جائیگا

4۔ فریق اول کی طرف سے فریق دوم کو ہر ماہ انکم شق نمبر 3 کے مطابق، ہر 3 ماہ بعد بورڈ فیصلہ کرنے پر % ڈیویڈنٹ اور ہر معاشی سال ختم ہونے کے بعد کمپنی کے فائدہ سے 5% سے 10% تک کمپنی شیئر ری انویسٹمنٹ کرنے والے اور عرصہ 3 سال کا معاہدہ کرنے والے کو دیئے جائینگے جس کا مجموعی فائدہ ہر کیٹگری کے مطابق واضح کیا جا چکا ہے

5۔ فریق دوم کسی بھی صورت مقررہ مدت سے پہلے اپنا اصل زر واپس نہیں لے سکے گا لیکن اگر فریق اول کی نظرانداز نا کرنے والی ضرورت ہو یا معاہدہ کسی بھی وجہ سے مقررہ مدت سے پہلے فریق دوم ختم کرنا چاہے ایسی صورت میں جو نقصان ہوگا وہ فریق دوم کے ذمہ ہوگا اور فریق اول کسی قسم کا حصہ نقصان میں نہیں ڈالے گا

6۔ فریق دوم کا رقم ڈیپازٹ کرنے کے یا کسی بھی وقت معاہدہ ختم کرنے کے بعد مستقل طور پر درخواست دینا شرط ہوگا اور درخواست کی تاریخ سے عرصہ 30 دن کے بعد رقم (ایک ماہ) بغیر فائدہ دینے کا فریق اول پابند ہوگا لیکن بعض اوقات شیئر خریدنے کے بعد مارکیٹ سست ہوتی ہے تو شیئر فروخت نہیں کئے جائینگے تا کہ نقصان سے بچا جا سکے اسی حالت میں انتظار کرنا لازمی ہوگا

7۔ فریق اول کی کمپنی میں سرمایہ کاری کے بعد کسی بھی ڈائریکٹر، مینجر کے ناگہانی وفات کی صورت میں فریق اول کا سرمایہ محفوظ رہے گا جو کہ واپس لینے کا حقدار ہے

8۔ خدانخواستہ فریق دوم کی ناگہانی موت کی صورت میں فریق دوم کی طرف سے منتخب کردہ وارث ایک شخص تمام لوازمات پوری کرنے (ڈیتھ سرٹیفیکیٹ) دینے کے پابند ہونگے اور صرف منتخب کردہ وارث کا نام، ولدیت، شناختی کارڈ نمبر درج ہوں اور ڈسٹرک کونسل وعلاقہ نمبردار سے تصدیق شدہ ہونے پر کسی غیر مرد/عورت کو کوئی بھی رقم چاہے فائدہ کا ہو یا اصل زر حوالہ غیر شخص نہیں کیا جائیگا

9۔ فریق دوم کے وفات کے بعد اس کے حقیقی وارث کو فریق اول کی طرف سے اصل زر کے 10% زیادہ بطور معاوضہ دیا جائے گا

10۔ کسی بھی مشکل آنے کی صورت میں معاملہ ایک وایک ثالث کے ذریعے ہی حل کیا جائے گا جو دونوں فریقین کو قبول ہو اگر معاملہ پھر بھی حل نہ ہو سکا تو پاکستان میں رائج اربیٹریشن قانون کے مطابق عدالت میں چیلنج کرانے کا حق دونوں فریقین کے پاس موجود ہوگا

11۔ مذکورہ شقوں کے علاوہ کوئی زبانی، تحریری معاہدہ فریقین کے درمیان نا ہے لیکن مندرجہ بالا تمام شقوں کی پابندی فریقین، رشتہ داران وورثان پر لازمی ہے

تحریر لکھ دی تا کہ سند رہے اور مستقبل میں بوقت ضرورت کام آئے تاریخ مرقوم:

| فریق اول | فریق دوم | |
|---|---|---|
| نام: | نام: | ولدیت |
| شناختی کارڈ نمبر | شناختی کارڈ نمبر | |
| اسٹیمپ و دستخط: | دستخط: | |

## گواہان:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| گواہ نمبر 1 : نام: | ولد | شناختی کارڈ نمبر | دستخط: | فون نمبر: |
| گواہ نمبر 2: نام | ولدیت | شناختی کارڈ | دستخط: | فون نمبر: |